طبی کتب سے ماخوذ نادر نسخے ہیں۔ کتاب میں شامل مستند دعاؤں، احادیث اور نادر نسخوں سے آپ خود بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور دکھی انسانوں کی خدمت بھی کر سکتے ہیں۔ تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری

اقبال اور ظفر علی خان

پروفیسر جعفر بلوچ کی شہرت مصنف سے زیادہ مؤلف، مرتب اور مدوّن کی ہے۔ شہرت کی بجائے "قدرو منزلت" شاید زیادہ مناسب لفظ ہے، کیونکہ شہرت تو آج کل بہت سستی ہے۔ جعفر بلوچ کے حسنِ تالیف کا تازہ شاہکار "اقبال اور ظفر علی خان" ہے۔ اس سے پہلے وہ "اقبالیاتِ اسد ملتانی" بھی تالیف کر چکے ہیں۔ ابال، ظفر علی خان، اسد ملتانی .... یہ وہ شخصیات ہیں جو ہمارے قومی ورثے کا حصہ ہیں، ہماری فکری روایت کا معتمد حوالہ ہیں اور بیسویں صدی عیسوی میں مسلم تشخص کے احیا و تجدید میں اپنی اپنی سطح پر، انکا کردار بہت اہم رہا ہے۔ ایسی شخصیات کے آثار و احوال کی حفاظت واشاعت، فی زمانہ ایک بہت بڑی نیکی ہے۔ جی ہاں.......

نام نیک رفتگاں ضائع مکن
تا نباشد نام نیکد پائیدار

"اقبال اور ظفر علی خان" ...... اپنے موضوع، مواد، اسلوب اور جامعیت کے اعتبار سے انتہائی دلچسپ اور انتہائی مفید کتاب ہے۔ سیاسیات برصغیر میں خالص اسلامی فکر ودانش کے حامل اور حامی ان نمائندہ کرداروں میں شخصی، فکری، فطری، نظریاتی اور عملی سطح پر اختلاف، اتفاق اور اشتراک کی کیا کیا صورتیں نمودار ہوتی رہیں؟ یہ انکشافات......ادب، تصوف، مذہب، شاعری اور سب سے بڑھ کر سیاست سے متعلق کتنے ہی افراد، موضوعات، معلومات اور تاثرات پر محیط و مشتمل اس مجموعے میں قدم قدم پر قاری کے لئے استعجاب اور انشراح کا باعث ہوتے ہیں۔ یہ کتاب اقبال اکادمی پاکستان (لاہور) نے معیاری کتابت وطباعت کے ساتھ شائع کی ہے قیمت ۱۳۰ روپے ہے۔ تبصرہ نگار: سید ذوالکفل بخاری

استغفار کی ستر دعائیں اور وصیت لکھنے کا طریقہ

مرتبہ: علامہ قطب الدین حنفی رحمہ اللہ، ترجمہ: محمد حنیف عبدالمجید، ضخامت: ۲۲۴ صفحات * اشاعت ۱۴۱۶ھ
ناشر: زمزم پبلشرز، جنید مینشن نزد پاکستان چوک کراچی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے..... اگر تم بالکل گناہ نہ کرو، تو اللہ تعالیٰ تمہارا وجود ختم کردیں گے اور ایسے لوگوں کو پیدا کریں گے جو گناہ کریں اور پھر استغفار کریں، اور پھر اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمادیں (صحیح مسلم کتاب التوبہ)

اس حدیث پاک سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ جل شانہ کو اپنے بندوں کی طرف سے گناہوں پر توبہ و استغفار کا عمل کتنا پسند ہے۔ خطاء و عصیان بشری تقاضا ہے اور ان کو معاف فرمانا صفتِ ربانی ہے کہ وہ رؤوف اور رحیم بھی ہے۔ تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری